© rasailojaraid.com

## اخبار الجامعہ

## گورنر پنجاب کا دورۂ جامعہ علوم اثریہ جہلم

مورخہ 7 فروری بروز جمعرات گورنر پنجاب لیفٹیننٹ جنرل (ر) خالد مقبول صاحب نے جامعہ علوم اثریہ جہلم کا تفصیلی معائنہ کیا اور آخر میں ان کے اعزاز میں ایک باوقار تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں انہوں نے تفصیلی خطاب کیا۔ اس کے بارے میں مفصل رپورٹ آئندہ شمارے میں ملاحظہ فرمائیں۔

### دینہ میں پہلی جامع مسجد اہل حدیث کا افتتاح

تنظیم المساجد الاثریہ جہلم کے زیر اہتمام دینہ میں تعمیر کی گئی پہلی مسجد اہل حدیث کا افتتاح مورخہ 12 اپریل کے خطبہ جمعہ سے ہوا۔ افتتاحی خطبہ حافظ عبدالحمید عامر نے ارشاد فرمایا۔ قبل ازیں شہر بھر میں اور اردگرد کے نواحی علاقوں میں پوسٹرز اور بینرز آویزاں کر دیئے گئے تھے۔ اس مسجد میں مستورات کیلئے باقاعدہ گیلری بنائی گئی ہے۔ جبکہ رسمی افتتاح بعد میں ہوگا۔

### جہلم شہر میں ایک اور مسجد اہل حدیث کا اضافہ

جماعتی احباب کیلئے یہ خبر یقیناً باعث مسرت ہوگی کہ جہلم شہر میں ایک اور مسجد اہل حدیث کا اضافہ ہو گیا ہے۔ یہ مسجد فیصل ٹاؤن نزد بابا مہدی شاہ قبرستان روڈ پر تعمیر کی گئی ہے۔ اس کا افتتاحی خطبہ جمعہ مورخہ 26 اپریل کو ہوگا۔ یہ جگہ چوہدری عبدالکریم و چوہدری محمد شفیع وغیرہ نے مسجد اہل حدیث کیلئے وقف کی ہے۔

### جامع مسجد اہل حدیث بن خرما میرپور آزاد کشمیر کا افتتاح

یہ مسجد بھی تنظیم المساجد الاثریہ جہلم کے زیر اہتمام علامہ محمد مدنی رحمہ اللہ کی کوششوں سے تعمیر کی گئی ہے۔ مورخہ 29 مارچ کا افتتاحی خطبہ جمعہ حضرت مولانا عبدالعزیز حنیف خطیب اسلام آباد نے ارشاد فرمایا۔ مسجد میں بھاری تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ یہ مسجد کافی بڑی ہے اور بہت خوبصورت ہے۔ مسجد میں سنگ مرمر کے استعمال سے اس کے حسن میں بے حد اضافہ ہوگیا ہے۔ اس کی تعمیر میں حضرت مولانا عبدالعزیز اور ان کے صاحبزادے مولانا عبدالغفار نے بڑی دلچسپی لی۔ جزاہ اللہ خیراً۔ اس کے علاوہ جامع مسجد اہل حدیث تلوکر ضلع خوشاب، جامع مسجد اہل حدیث سوہلگیں (جلالپور بھٹیاں)، جامع مسجد اہل حدیث چک نمبر 5 (اوکاڑہ)، جامع مسجد اہل حدیث مدو کے (اوکاڑہ)، جامع مسجد اہل حدیث اوکاڑہ شہر کی تعمیر بھی مکمل ہو چکی ہے۔ علاوہ ازیں جہلم، گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، خوشاب، پتوکی (قصور) میں مزید 20 مساجد زیر تعمیر ہیں۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## جمعیت اہل حدیث قطر کے رہنما ڈاکٹر شاہ محمد علوی اور خالد علوی کی پاکستان آمد

مرکزی جمعیت اہل حدیث قطر کے ممتاز رہنما اور الھیئۃ الأ ثریہ الخیریہ جہلم پاکستان کے قطر میں وکیل ڈاکٹر شاہ محمد علوی صاحب، اور ان کے صاحبزادے خالد شاہ محمد علوی صاحب ان دنوں پاکستان تشریف لائے ہوئے ہیں۔ معزز سب سے پہلے جہلم تشریف لائے جہاں انہوں نے علامہ مدنی صاحب کی وفات پر ان کے برادران، دیگر اہل خانہ واساتذہ وطلبہ سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کچھ روز جامعہ میں قیام کیا اور اس کے بعد جماعتی قائدین سے ملاقاتوں کیلئے لاہور، اسلام آباد، راولپنڈی وغیرہ گئے اور جماعتی دلچسپی کے امور پہ مرکزی قائدین سے تبادلہ خیال کیا۔

## نیو شفیع ہارڈ ویئر اینڈ مل سٹور رام دین بازار جہلم کا افتتاح

الحاج شیخ محمد شفیع صاحب کے صاحبزادے حاجی عبدالرزاق نے رام دین بازار جہلم میں 30 مارچ کو نیو شفیع ہارڈ ویئر اینڈ مل کے نام سے ایک نئی دکان کھولی ہے۔ جس کا افتتاح حافظ عبدالحمید عامر سے درس قرآن سے ہوا جس میں بڑی تعداد میں کاروباری حضرات اور تاجر برادری نے شرکت کی۔

## سیٹھی محمد افضل کی نئی دکان کا افتتاح

مین بازار میں پاکیزہ دوپٹہ کے نام سے سیٹھی محمد افضل نے کاروبار شروع کیا ہے 10 مارچ کو اس کا افتتاح حافظ عبدالحمید نے درس قرآن سے کیا۔ جس میں بڑی تعداد میں کاروباری حضرات نے شرکت کی

## محمود عدنان کے برف خانہ کا افتتاح

محمود عدنان صاحب نے اپنے کارخانہ کو وسعت دے کر اس میں کام کی استعداد کو بڑھایا ہے مورخہ 5 اپریل بروز جمعۃ المبارک کو حافظ عبدالحمید عامر نے دعائے خیر سے اس کا افتتاح کیا۔

**اللہ تعالیٰ مذکورہ بالا تمام لوگوں کے کاروبار میں برکت عطاء فرمائے۔ اور انہیں حلال طیب اور پاکیزہ رزق کمانے اور اس پر قناعت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین**

## وفیات

### افتخار احمد مغل کو صدمہ

محمد بشیر مغل کے بڑے بھائی، عبدالغفور مغل کے بہنوئی اور افتخار احمد مغل کے والد محترم مورخہ 12



© rasailojaraid.com